روزنامہ

FD-10 047-6213029 ٹیلی فون نمبر

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 25 / اکتوبر 2008ء 25 شوال 1429 ہجری 25 / اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 244

مومن کی نیت

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

مومن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہوتی ہے۔

(مسند الربیع ۔جلد نمبر1صفحہ 23باب النیۃ حدیث نمبر:1)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اپنی تصویر کی غرض بیان کرتے ہوئے فرمایا

میں نے بہت مرتبہ بیان کیا ہے کہ تصویر سے ہماری غرض کیا تھی۔ بات یہ ہے کہ چونکہ ہم کو بلاد یورپ خصوصاً لنڈن میں ....کرنی منظور تھی، لیکن چونکہ یہ لوگ کسی دعوت یا..........کی طرف توجہ نہیں کرتے جب تک داعی کے حالات سے واقف نہ ہوں اور اس کے لئے ان کے ہاں علم تصویر میں بڑی بھاری ترقی کی گئی ہے۔ وہ کسی شخص کی تصویر اور اس کے خدوخال کو دیکھ کر رائے قائم کر لیتے ہیں کہ اس میں راستبازی، قوت قدسی کہاں تک ہے؟ اور ایسا ہی بہت سے امور کے متعلق انہیں اپنی رائے قائم کرنے کا موقعہ مل جاتا ہے۔ پس اصل غرض اور نیت ہماری اس سے یہ تھی جس کو ان لوگوں نے جو خواہ نخواہ ہر بات میں مخالفت کرنا چاہتے ہیں۔ اس کو برے برے پیرایوں میں پیش کیا اور دنیا کو بہکایا۔ میں کہتا ہوں کہ ہماری نیت تو تصویر سے صرف اتنی ہی تھی۔ اگر یہ نفس تصویر کو ہی برا سمجھتے ہیں، تو پھر کوئی سکہ اپنے پاس نہ رکھیں بلکہ بہتر ہے کہ آنکھیں بھی نکلوا دیں کیونکہ ان میں اشیاء کا ایک انعکاس ہی ہوتا ہے۔

یہ نادان اتنا نہیں جانتے کہ افعال کی تہ میں نیت کا بھی دخل ہوتا ہے الاعمال بالنیات پڑھتے ہیں۔ مگر سمجھتے نہیں۔ مثلاً اگر کوئی شخص محض ریاکاری کے لئے نماز پڑھے تو اس کو یہ کوئی مستحسن قرار دیں گے؟ سب جانتے ہیں کہ ایسی نماز کا فائدہ کچھ نہیں، بلکہ وبال جان ہے تو کیا نماز بری تھی؟ اس کے بد استعمال نے اس کے نتیجہ کو برا پیدا کیا۔ اسی طرح پر تصویر سے ہماری غرض تو.......... دعوت میں مدد لینا تھی۔ جو اہل یورپ کے مذاق پر ہو سکتی تھی۔ اس کو تصویر شیخ بنانا اور کچھ سے کچھ کہنا افتراء ہے۔..........اصل یہ ہے کہ صالحین اور فانین فی اللہ کی محبت ایک عمدہ شے ہے، لیکن حفظ مراتب ضروری ہے۔

گر حفظِ مراتب نہ کنی زندیقی

پس خدا کو خدا کی جگہ۔ رسول کو رسول کی جگہ سمجھو اور خدا کے کلام کو دستور العمل ٹھہرالو۔ اس سے زیادہ قرآن شریف میں اور کچھ نہیں..........پس صادقوں اور فانی فی اللہ کی صحبت تو ضروری ہے اور یہ کہیں نہ کہا گیا کہ تم اسے ہی سب کچھ سمجھو۔ اور یا قرآن شریف میں یہ حکم ہے (۔) (آل عمران :32) اس میں یہ نہیں کہا گیا کہ مجھے خدا سمجھ لو، بلکہ یہ فرمایا کہ اگر خدا کے محبوب بننا چاہتے ہو تو اس کی ایک ہی راہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرو۔ اتباع کا حکم تو دیا ہے، مگر تصور شیخ کا حکم قرآن میں نہیں پایا جاتا۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 556)

31 / اکتوبر کو خطبہ جمعہ شام 7 بجے نشر ہوگا

یورپ میں اوقات میں تبدیلی ہو رہی ہے۔ جس کی وجہ سے 31 / اکتوبر 2008ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ پاکستانی وقت کے مطابق شام 7 بجے نشر ہوگا۔ یہ وقت صرف 31 / اکتوبر کیلئے ہے۔ احباب نوٹ فرما لیں اور بھرپور استفادہ فرمائیں۔

(ناظر اشاعت)

محترمہ صاحبزادی امۃ المجیب بیگم صاحبہ کی وفات اور تدفین

احباب جماعت کو افسوس سے اطلاع دی جاتی ہے کہ محترمہ صاحبزادی امۃ المجیب بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم نواب مصطفیٰ احمد خان صاحب لاہور مورخہ 21 / اکتوبر 2008ء کو لاہور میں وفات پا گئیں۔ آپ مکرم صاحبزادہ مرزا حمید احمد صاحب ابن حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کی بیٹی، حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی نواسی، حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ وحضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب کی بہو تھیں۔

مورخہ 23 / اکتوبر 2008ء کو بعد نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب نے ہی دعا کروائی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

یہ سوچو کہ خدا کیا کہتا ہے

☆ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

”مَیں مثال کے طور پر بتاتا ہوں کہ وہ عورتیں جو سچے دل سے رسولِ کریم ﷺ پر ایمان رکھتی تھیں ان کی کیا حالت تھی۔ رسولِ کریم ﷺ جب دشمنوں کے تکلیفیں پہنچانے پر مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ آ گئے تو مکہ والوں نے وہاں بھی آپؐ کا پیچھا نہ چھوڑا اور وہاں بھی لڑائی کرنے کے لئے آ گئے۔ مدینہ سے چار میل کے فاصلے پر ایک جگہ تھی جہاں لڑائی شروع ہوئی۔ اگرچہ کافر بہت تھے اور ان کے مقابلہ میں مسلمان بہت تھوڑے تھے لیکن مسلمانوں کو فتح ہوئی۔ جب فتح ہو گئی تو چند لوگ جن کو رسولِ کریم ﷺ نے ایک جگہ کھڑے رہنے کا حکم دیا تھا اور فرمایا تھا خواہ کچھ ہو تم اس جگہ سے نہ ہلنا، انہوں نے کہا ہمیں لڑائی کے لئے یہاں کھڑا کیا گیا تھا جب ہماری فتح ہو گئی ہے تو پھر ہمیں یہاں کھڑے رہنے کی ضرورت نہیں۔ ان کے سردار نے کہا خواہ کچھ بھی ہو چونکہ ہمیں کھڑے رہنے کا حکم ہے اس لئے یہاں سے جانا نہیں چاہیئے۔ لیکن دوسروں نے کہا ہمارا کھڑا ہونا لڑائی کے لئے تھا اب جبکہ دشمن بھاگ گیا ہے تو پھر کھڑے رہنے کی کیا ضرورت ہے۔ یہ کہہ کر جب وہ وہاں سے ہٹ گئے تو کافروں نے جو بھاگ رہے تھے دوبارہ یک لخت حملہ کر دیا اور ایسے زور سے حملہ کیا کہ مسلمانوں میں جو دشمن کی طرف سے مطمئن ہو چکے تھے ابتری پھیل گئی۔ اس وقت رسول کریم ﷺ زخمی ہو گئے اور آپؐ کے دو دانت شہید ہو گئے اور مشہور ہو گیا کہ رسول کریم ﷺ شہید ہو گئے ہیں۔ یہ سن کر مسلمانوں کو بہت صدمہ ہوا حتیٰ کہ فرطِ غم کی وجہ سے حضرت عمرؓ جیسے بہادر انسان سر نیچے کر کے بیٹھ گئے۔ ایک صحابی اُن کے پاس سے گزرے اور پوچھا کیا ہوا۔ انہوں نے کہا رسول کریم ﷺ شہید ہو گئے ہیں یہ سن کر اس صحابی نے کہا اگر رسول کریم ﷺ شہید ہو گئے ہیں تو یہاں بیٹھنے کا کیا فائدہ؟ چلو جہاں رسول کریم ﷺ گئے ہیں وہاں ہم بھی جائیں۔ یہ کہہ کر وہ دشمن پر حملہ آور ہوا اور اس قدر سختی سے لڑا کہ جب اس کی لاش دیکھی گئی تو معلوم ہوا کہ اُس پر ستّر زخم لگے ہوئے ہیں لیکن رسول کریم ﷺ محفوظ تھے اور کیوں محفوظ نہ ہوتے جب کہ خدا تعالیٰ کا آپ سے وعدہ تھا کہ کوئی تمہیں مار نہیں سکتا۔ آخر رسول کریم ﷺ اٹھے اور مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔ جو صحابی آپؐ کے ساتھ تھے اُنہیں تو آپؐ کے زندہ ہونے کا علم ہو گیا لیکن مدینہ میں پہلی خبر پہنچ چکی تھی اس لئے مدینہ کے بچے اور عورتیں دیوانہ وار باہر نکلے۔ اُس وقت جبکہ لشکر واپس آ رہا تھا ایک صحابی آگے آگے تھا۔ اس سے ایک عورت نے بے تحاشا آ کر پوچھا رسول اللہ کا کیا حال ہے؟ اس کے دل میں چونکہ رسولِ کریم ﷺ کے متعلق اطمینان اور تسلی تھی اس لئے اس نے اس بات کو معمولی سمجھ کر کہا تمہارا باپ مارا گیا ہے۔ عورت نے کہا میں نے تم سے پوچھا ہے کہ رسول اللہ کا کیا حال ہے؟ اس نے کہا تمہارا بھائی مارا گیا ہے۔ عورت نے کہا میں پوچھتی ہوں کہ رسول اللہ کا کیا حال ہے؟ اس نے کہا تمہارا خاوند بھی مارا گیا ہے۔ عورت نے کہا میری بات کا تم جواب کیوں نہیں دیتے۔ مَیں پوچھتی ہوں کہ رسول اللہ کا کیا حال ہے؟ اس نے کہا رسول اللہ زندہ ہیں۔ یہ سن کر عورت نے کہا شکر ہے خدا کا اگر رسول اللہ زندہ ہیں تو ہمیں اور کسی کی پرواہ نہیں۔

اس بات کو سامنے رکھ کر تم اپنی حالت کو دیکھو۔ اگر پیدا ہوتے ہی بچہ مر جائے تو اس پر بین شروع کر دیئے جاتے ہیں حالانکہ وہ جانتی ہیں کہ جہاں بچہ گیا ہے وہیں ان کو بھی جانا ہے۔ اگر کچھ فرق ہے تو یہ کہ وہ پہلے چلا گیا ہے اور یہ کچھ عرصہ کے بعد جائیں گی۔ تاہم عجیب عجیب بین کرتی، روتی، چلّاتی اور شور مچاتی ہیں۔ یہ تو آج کل عورتوں کی حالت ہے۔ اور ایک وہ عورت تھی جس کا باپ، بھائی اور خاوند مارا جاتا ہے مگر وہ کہتی ہے رسول اللہ زندہ ہیں تو مجھے کچھ غم نہیں۔ پس اگر تم ایماندار ہو اور تمہیں ایماندار ہونے کا دعویٰ ہے تو خدا تعالیٰ کے احکام کے مقابلہ میں کسی بات کی پرواہ نہ کرو کہ لوگ تمہیں کیا کہیں گے بلکہ اس بات کی پرواہ کرو کہ خدا تمہیں کیا کہتا ہے۔“

(الأزهار لذوات الخمار صفحه 37-38)

برکات پشتوں تک

خلافت سے محبت کی ملیں برکات پشتوں تک
اسی لطف و کرم کی ہو سدا برسات پشتوں تک

خلافت سے وفاداری بشرطِ استواری ہو
یہی ہو حاصلِ ایماں بہر اوقات پشتوں تک

مری نسلوں میں آئندہ بھی ہوں اہلِ قلم پیدا
قلم کا منبع و مرجع رہیں خطبات پشتوں تک

کسی بھی فکر کی اترن نہ پائے قرب کا درجہ
رہیں پیشِ نظر مہدی کے ارشادات پشتوں تک

غلامی کی سند مل جائے قسمت سے اگر مجھ کو
تو موضوعِ سخن ٹھہرے گی میری ذات پشتوں تک

سدا نورِ خلافت سے منور ہوں میری نسلیں
کسی لمحے جہالت کی نہ آئے رات پشتوں تک

خیالوں میں، گھروں میں رزق اور الفاظ اُتریں گے
اگر ہم چُومتے جائیں گے ان کے ہاتھ پشتوں تک

جو منکر ہو خلافت کا کسی پہلو سے بھی قدسیؔ
خداوندا! وہ پیدا ہو نہ میری سات پشتوں تک

عبدالکریم قدسیؔ

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ فرانس (2)

بیت مبارک کا افتتاح و خطاب، خطبہ جمعہ، واقفین نو و واقفات نو کو ہدایات اور ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

10/اکتوبر 2008

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز فجر بیت مبارک پیرس میں تشریف لا کر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور ہدایات دیں اور دفتری امور کی انجام دہی میں مصروفیت رہی۔

آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پروگرام کے مطابق نماز جمعہ کے ساتھ سرزمین فرانس پر تعمیر ہونے والی جماعت احمدیہ کی پہلی بیت "بیت مبارک" کا افتتاح ہو رہا تھا۔ نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے اور افتتاح کے اس مبارک پروگرام میں شمولیت کے لئے صبح سے ہی ملک بھر سے احباب جماعت مشن ہاؤس پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔ بعض ہزار کلومیٹر سے لمبے فاصلے طے کر کے پہنچے تھے۔ آج ہر ایک بہت خوش تھا اور اللہ کے حضور سجدہ ریز تھا کہ اس کی زندگی میں یہ دن آیا کہ ان کے اس ملک میں جماعت کی پہلی بیت کی تعمیر مکمل ہوئی اور آج اس کا افتتاح ہو رہا تھا۔ ہمسایہ ممالک جرمنی، بیلجیئم، برطانیہ، یونان اور سپین سے بھی احباب اس افتتاح کے پروگرام میں شمولیت کے لئے فرانس پہنچے تھے۔ مرد و زن کی مجموعی حاضری آٹھ صد سے زائد تھی۔ بیت کے دونوں ہال بیت کا صحن، استقبالیہ تقریب کے لئے لگائی جانے والی مارکی اور مشن ہاؤس کی عمارت اور ہال سب نمازیوں سے بھرے ہوئے تھے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے فرانس میں جماعت احمدیہ کی تاریخ میں پہلی بار فرانس کے نیشنل F3 TV کی ٹیم اس افتتاحی پروگرام کی Coverage کے لئے مشن ہاؤس پہنچی۔ اسی طرح فرانس کے France 24 T.V کی ٹیم نے بھی ریکارڈنگ کی۔

اخبارات کے نمائندے بھی موجود تھے۔ ہمارے اس مشن ہاؤس اور بیت کے علاوہ Saint prix کے میئر Jean Pierre Enjgalbert بھی اس افتتاحی پروگرام میں شمولیت کے لئے آئے۔

بیت مبارک کا افتتاح

دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے علاقہ کے میئر نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے میئر سے گفتگو فرمائی اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت مبارک میں مین داخلی گیٹ کے پاس بیرونی دیوار میں نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی۔ MTA پر یہ ساری کارروائی Live دکھائی جارہی تھی۔ فرانس کے نیشنل T.V نے ان سب لمحات کو فلمبند کیا اور پریس اور میڈیا سے تعلق رکھنے والے احباب نے تصاویر بھی بنائیں۔ نقاب کشائی کی اس تقریب میں علاقہ کے میئر بھی حضور انور کے ساتھ موجود رہے۔

خطبہ جمعہ

تختی کی نقاب کشائی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت کے اندر تشریف لائے اور خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

حضور انور نے خطبہ کے آغاز میں سورۃ الاعراف آیت 27 کی تلاوت کی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل کے ساتھ جماعت احمدیہ فرانس کو بھی پہلی بیت الذکر بنانے کی توفیق عطا فرمائی۔ اللہ کرے کہ یہ بیت الذکر مزید بیوت الذکر کے لئے ایک مضبوط بنیاد ثابت ہو۔ احباب جماعت کے اندر بیوت الذکر کی تعمیر کیلئے قربانیوں کا شوق مزید بڑھے اور وہ روح پیدا ہو جس سے وہ بیوت الذکر کی تعمیر کے مقاصد کو پورا کرنے والے ہوں۔ یہ جگہ جہاں یہ خوبصورت بیت الذکر تعمیر کی گئی ہے فرانس کے اس علاقے کی ضرورت کے لحاظ سے کافی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس کی شکرگزاری کا اظہار اس طرح ہونا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف سے پہلے سے بڑھ کر توجہ ہو تقویٰ میں ترقی کرنے والے ہوں کیونکہ بیوت الذکر کی تعمیر کا سب سے بڑا مقصد تو تقویٰ کا قیام ہی ہے جسے ہر احمدی کو اپنے پیش نظر رکھنا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس بیت کی تعمیر کے ساتھ آپ کو تین چیلنجوں کا سامنا کرنا ہے۔ خدا تعالیٰ کے لئے خالص ہو کر پانچ وقت کی نمازیں خدا کے گھر میں آ کر باجماعت ادا کرنے کی کوشش کرنی ہے اور یہ یاد رکھیں کہ حقیقی فلاح نمازوں سے ہی ملتی ہے۔ دوسرا چیلنج دعوت الی اللہ کا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ جہاں دین حق کو متعارف کروانا ہو اور جہاں ایک مرکز کی طرف لانے کی کوشش کرنی ہو وہاں بیت الذکر بنا دو۔ پس اس چیلنج کو قبول کرنے کے لئے بھی تیار ہو جائیں۔ پھر تیسرا چیلنج یہ ہے کہ جب دنیا کی نظر ہم پر پڑے گی تو اپنے اعمال پر بھی ہمیں نظر رکھنا ہوگی کیونکہ جس کو دعوت الی اللہ کریں گے وہ ہمارے عمل بھی دیکھتا ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ہماری جماعت کے لوگوں کو نمونہ بن کر دکھانا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو آیت میں نے آغاز میں تلاوت کی ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے اس بات کی طرف راہنمائی فرمائی ہے کہ انسان کو تقویٰ کو ہر چیز پر مقدم رکھنا چاہئے۔ خدا تعالیٰ نے لباس کی مثال دی ہے کہ اس کی دو خصوصیات ہیں اور وہ یہ کہ لباس تمہاری کمزوریوں کو ڈھانکتا ہے اور دوسری بات کہ یہ زینت کے طور پر ہے اور پھر تقویٰ کے لباس کو بہترین قرار دے کر توجہ دلائی کہ ظاہری لباس تو ان دو مقاصد کے لئے ہے لیکن تقویٰ سے دور چلے جانے کی وجہ سے یہ مقصد بھی تم پورے نہیں کرتے اس لئے دنیاوی لباسوں کو اس لباس سے مشروط ہونا چاہئے جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔ اس آیت میں لفظ ریش بھی استعمال ہوا ہے جس کے معنی پرندوں کے پر کے ہیں جنہوں نے ان کو ڈھانک کر خوبصورت بنایا ہوتا ہے۔ پھر اس کا مطلب خوبصورت لباس بھی ہے لیکن بدقسمتی سے آجکل خوبصورت لباس کی تعریف ننگا لباس کی جانے لگ گئی ہے۔ حضور انور نے خواتین کو حیادار لباس پہننے کی طرف ترغیب دلاتے ہوئے فرمایا کہ ہر عورت کو اپنے تقدس کو قائم رکھنا چاہئے۔ اسی طرح ریش کا مطلب دولت اور زندگی گزارنے کے وسائل بھی ہے۔ زندگی کی سہولیات حاصل کرنے کے لئے غلط طریقے سے دولت نہیں کمانی۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ لباس التقویٰ ہی اصل چیز ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ تمام احباب جماعت لباس التقویٰ کے حصول کیلئے حضرت مسیح موعود کے ساتھ کئے گئے عہد بیعت پر پوری طرح کاربند ہونے کی کوشش کریں۔ حضور انور نے دس شرائط بیعت میں سے ہر شرط بیعت کی تفصیل کے ساتھ وضاحت بیان فرمائی اور پھر فرمایا کہ یہ عہد بیعت تقویٰ کی شرط ہے اور تقویٰ میں بڑھنے کیلئے ضروری ہے اور اس عہد کی تکمیل کرتے ہوئے جب ہم عبادت کے لئے بیوت الذکر میں جائیں گے تو اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرنے والے بنیں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج فرائیڈے دی ٹینتھ ہے اور فرانس کی پہلی بیت الذکر کا افتتاح ہو رہا ہے۔ خدا کرے کہ وہ برکات جو فرائیڈے دی ٹینتھ کے ساتھ وابستہ ہیں۔ وہ اس بیت الذکر کے ساتھ بھی وابستہ ہوں اور یہ بیت الذکر جماعت کی ترقی کے لئے اس ملک میں ایک سنگ میل ثابت ہو۔ پس اپنی عبادتوں، اعلیٰ اخلاق اور دعوت الی اللہ کے معیار پہلے سے بہت بلند کریں تا کہ سعید فطرت لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے جھنڈے تلے جلد سے جلد لے آئیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ تین بجے ختم ہوا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز جمعہ و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دو نو مرحومین مکرم بشیر احمد قمر صاحب اور مکرم عبدالرشید رازی صاحب کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

MTA نے فرانس کی سرزمین پر تعمیر ہونے والی اس پہلی بیت میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس افتتاحی خطبہ جمعہ کو دنیا بھر میں Live نشر کیا۔

فرانس کے نیشنل F3 TV اور ٹی وی France 24 نے خطبہ جمعہ کے بعض مناظر ریکارڈ کئے۔ اس موقع پر اخباری نمائندے اور جرنلسٹ موجود تھے اور میئر بھی موجود رہے اور اپنا انٹرویو بھی ریکارڈ کروایا۔

ملاقاتیں

بعد ازاں حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور الجزائر و دیگر ممالک سے تعلق رکھنے والی چھ فیملیز نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ ملاقاتوں کے بعد جب حضور انور اپنے دفتر سے باہر تشریف لائے تو صدر جماعت یونان (Greece) مکرم مشتاق احمد صاحب نے حضور انور سے مصافحہ کی سعادت حاصل کی۔ موصوف بیت کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے لئے آئے تھے۔

واقفین نو کی کلاس

بعد ازاں پروگرام کے مطابق ساڑھے چھ بجے "بیت مبارک" میں واقفین نو بچوں کی کلاس حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ شروع ہوئی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزم اسامہ چوہدری نے پیش کی اور بعد ازاں اس کا اردو ترجمہ پڑھا۔ فرنچ ترجمہ عزیزم اطہر کاہلوں نے پیش کیا۔

حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام

اے خدا اے کارساز و عیب پوش و کردگار
اے مرے پیارے، مرے محسن مرے پروردگار

عزیزم اسامہ ربانی نے خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا اور اس کا فرنچ ترجمہ عزیزم آصف محمود بٹ نے پیش کیا۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دریافت فرمایا کہ کون سے کون سے لڑکے یونیورسٹی چلے گئے ہیں اور کیا کر رہے ہیں، کون سے مضامین لئے ہیں۔

یونیورسٹی جانے والے ایک طالب علم نے بتایا کہ وہ انجینئرنگ کر رہا ہے آئندہ الیکٹرانک کا پروگرام ہے۔ حضور انور نے اس سے دریافت فرمایا کیا کرو گے۔ اس بچے نے جواب دیا کہ پڑھائی مکمل کر کے اپنا وقف جاری رکھوں گا۔

ایک طالب علم نے بتایا کہ انگریزی زبان کی ڈگری میں پہلا سال ہے۔ اس کے بعد ٹیچر بھی بن سکتا ہوں اور ٹرانسلیٹر بھی بن سکتا ہوں۔

یونیورسٹی جانے والے ایک طالبعلم نے بتایا کہ یونیورسٹی کے تیسرے سال میں ہوں اور LAW پڑھ رہا ہوں اور ابھی ابتدائی مرحلہ ہے۔ حضور انور نے فرمایا انٹرنیشنل اخبار پڑھو۔

ایک اور طالب علم نے بتایا کہ LAW میں پہلا سال ہے وکیل بننا چاہتا ہوں۔ وکیل بن کر جماعت کی خدمت کرنا چاہتا ہوں۔

ایک طالب علم نے بتایا کہ میڈیکل کالج میں پہلے سال میں ہوں۔ حضور نے فرمایا ٹھیک ہے۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دریافت فرمایا کہ اگلے سال یونیورسٹی کون کون جا رہا ہے۔ اس پر ایک بچے نے ہاتھ کھڑا کیا۔ حضور انور نے فرمایا جا کر کیا کرو گے۔ اس بچے نے جواب دیا کہ اکاؤنٹنگ کا کورس کروں گا۔ ایک اور بچے نے جواب دیا کہ اس کا ارادہ بھی یونیورسٹی جا کر اکاؤنٹنگ کورس کرنے کا ہے۔

ایک اور بچے نے بتایا کہ اس وقت سائنس انجینئرنگ میں ہوں، فنانس کے شعبہ میں جانا چاہتا ہوں۔ حضور انور نے اس بچے کو فرمایا کہ سول انجینئرنگ کرو اکاؤنٹنگ میں دو کافی ہیں۔

ایک طالب علم نے بتایا کہ میڈیکل کے پہلے سال میں ہوں۔ ایک اور نے بتایا کہ وہ انجینئرنگ کے پہلے سال میں ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا جو واقفین نو بچے کالج یا یونیورسٹی جا رہے ہیں وہ اپنے دو تین مضامین Choice بتا کر پہلے پوچھ لیا کریں کہ یہ یہ مضامین ہمیں پسند ہیں ان میں سے ہم کونسا مضمون اختیار کریں۔

حضور انور نے دریافت فرمایا کہ جامعہ جانے والا کون ہے جس پر ایک طالب علم نے بتایا کہ آئندہ سال جامعہ میں جانا ہے اور جرمنی جامعہ میں جاؤں گا۔ ایک اور طالب علم نے بتایا کہ اس کا آئندہ سال جامعہ یوکے میں جانے کا پروگرام ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دریافت فرمانے پر عرض کیا گیا کہ اس وقت فرانس سے ایک طالب علم جامعہ یوکے میں پہلے سال میں تعلیم حاصل کر رہا ہے۔

ایک طالب علم نے حضور انور سے دریافت فرمایا کیا اس وقت میڈیکل کے پہلے سال میں ہوں۔ آگے جا کر کونی سی لائن اختیار کروں، سرجری، کارڈیالوجی، یا میڈیسن میں سپیشلائیزیشن کروں۔ حضور انور نے فرمایا کہ ابھی تو آغاز ہے جب وقت آئے گا تو اس وقت پوچھنا۔

ایک بچے نے حضور انور سے دریافت کیا کہ آئندہ سال یونیورسٹی جانا ہے Law کروں یا اکنامکس کا کورس کروں۔ حضور انور نے فرمایا اکنامکس پڑھ لو۔

حضور انور نے ان تمام بچوں سے دریافت فرمایا جو پندرہ سال سے اوپر کے تھے کہ کیا انہوں نے باقاعدہ اپنے وقف فارم پُر کر دیئے ہیں۔ فرمایا جس نے ابھی تک اپنا وقف فارم پُر نہیں کیا وہ پُر کرے اگر وہ وقف میں رہنا چاہتا ہے جس نے نہیں رہنا وہ بتا دے کہ ہم نہیں رہنا چاہتے۔

کلاس کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت تمام بچوں کو تحائف عطا فرمائے۔ چھ بجکر پینتالیس منٹ پر یہ کلاس اپنے اختتام کو پہنچی۔

کلاس واقفات نو

واقفین نو کی کلاس کے بعد پونے سات بجے ''واقفات نو'' کی کلاس حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ شروع ہوئی۔

عزیزہ انیلہ انس نے تلاوت قرآن کریم پیش کی اور بعد ازاں اس کا اردو زبان میں ترجمہ پیش کیا اور فرنچ ترجمہ عزیزہ ناصرہ کاہلوں نے پیش کیا۔

بعدازاں عزیزہ نبیلہ حیدر نے حضرت اقدس مسیح موعود کے منظوم کلام سے چند اشعار پیش کئے اور عزیزہ سدرہ عارف صاحبہ نے ان اشعار کا فرنچ ترجمہ پیش کیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچیوں سے دریافت فرمایا کہ یونیورسٹی میں کوئی بچی پڑھ رہی ہے؟

اس پر ایک بچی نے عرض کیا کہ یونیورسٹی میں پڑھ رہی ہوں۔ Language میں پہلا سال ہے۔ ایک دوسری بچی نے بتایا کہ میرا میڈیکل میں پہلا سال ہے۔ نو سال کا کورس ہے۔

حضور انور نے فرمایا باقیوں نے کیا کرنا ہے۔ کیا اور کوئی ڈاکٹر بننے کا ارادہ کر رہی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دریافت فرمایا جن بچیوں کی عمر 15 سال ہوگئی ہے کیا انہوں نے باقاعدہ وقف فارم پُر کر دیئے ہیں۔ اگر نہیں کئے تو جو اپنا وقف جاری رکھنا چاہتی ہیں وہ یہ فارم پُر کریں۔

حضور انور نے فرمایا جو بچیاں کالج اور یونیورسٹی میں پڑھ رہی ہیں وہ ہمیشہ یاد رکھیں کہ ایک تو ہر احمدی لڑکی کو ویسے ہی اپنا تقدس قائم رکھنا چاہئے اور یہ احساس ہونا چاہئے کہ ہم احمدی ہیں اور دوسروں سے فرق ہے لیکن جو وقف نو بچیاں ہیں وہ ان سے بھی زیادہ اپنا تقدس قائم رکھنے والی اور اپنا خیال رکھنے والی ہونی چاہئیں کیونکہ انہوں نے آئندہ جماعت کی خدمت بھی کرنی ہے اور تربیت بھی کرنی ہے۔ اس لئے ہمیشہ اس ماحول میں بازار میں جاؤ تو سر پر سکارف، حجاب لے کر جاؤ۔ چاہے یہاں برا سمجھیں یا نہ سمجھیں۔ فرمایا سکول میں بھی کوشش ہونی چاہئے کہ سکارف لیا جائے، پرائیویٹ سکول بھی ہیں جہاں ایسی پابندی نہیں ہے جو پرائیویٹ سکول کے خرچ برداشت کر سکتے ہیں وہ وہاں جا سکتے ہیں۔ اگر سکول میں مشکل ہے تو پھر سکول کی حد تک تو سکارف اتر سکتا ہے اس کے بعد نہیں۔ سکول سے نکلیں تو حجاب، سکارف لیں۔

بعد ازاں کلاس کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچیوں میں تحائف تقسیم فرمائے۔ سات بجکر بیس منٹ پر یہ کلاس اپنے اختتام کو پہنچی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

سات بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت مبارک میں تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔

تقریب افتتاح بیت مبارک

آج شام بیت مبارک کے افتتاح کے حوالہ سے ایک تقریب عشائیہ کا اہتمام بیت کے ملحقہ حصہ میں مارکی لگا کر کیا گیا تھا۔ جس میں مختلف سرکردہ احباب اور مہمان شرکت کر رہے تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نماز مغرب وعشاء کی ادائیگی کے بعد امیر صاحب فرانس سے اس پروگرام کی تیاری اور مہمانوں کی آمد کے بارہ میں دریافت فرمایا اور کچھ دیر کے لئے اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

آٹھ بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لائے۔ حضور انور کی آمد سے قبل اس تقریب میں شرکت کے لئے درج ذیل مہمان پہنچ چکے تھے۔

☆ علاقہ کے میئر

☆ جرمنی کی ایمبیسی سے ان کے ایک منسٹر برائے Plenipotentiary

☆ کینیا (Kenya) کی ایمبیسی سے ان کے فرسٹ سیکرٹری اور ایک سفارت کار

☆ آئیوری کوسٹ کی ایمبیسی سے ان کے Chief of Protocol

☆ بینن (Benin) کی ایمبیسی سے ان کے فرسٹ سیکرٹری

☆ ٹوگو (Togo) کی ایمبیسی سے ان کے Chief of Protocol

☆ بورکینا فاسو کی ایمبیسی سے ان کے فرسٹ سیکرٹری اور ایک سفارتکار

☆ انڈین ایمبیسی کے منسٹر کونسلر

☆ اخبارات کے نمائندے اور جرنلسٹس، ریڈیوز کے نمائندے

☆ یونیورسٹی کے پروفیسر

☆ Saint Prix کے چرچ کے پادری

☆ سیکیورٹی نظام سے تعلق رکھنے والے احباب اور دیگر مختلف مہمانان کرام

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم محمد سلیم صاحب نے پیش کی اور اس کا فرنچ ترجمہ عبدالسلام صاحب نے پیش کیا۔ بعدازاں امیر صاحب فرانس نے اس تقریب کے حوالہ سے اپنا تعارفی ایڈریس پیش کیا اور مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔

اس کے بعد Saint Prix کے میئر Jean-Pierre Enjalbert نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے کہا۔

حضور امیر صاحب اور دیگر مہمانان کرام جو اس وقت موجود ہیں اور جو ہمارے ہمسایہ ہیں اور وہ مہمان جو دور دور سے آئے ہیں، میں سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور سب کو خوش آمدید کہتا ہوں۔

آج کا دن نہ صرف آپ لوگوں کے لئے خاص دن ہے بلکہ ہمارے لئے بھی خاص دن ہے۔ آپ لوگ جو ایک پُرامن جماعت ہیں جب آپ دین حق کا پیغام لے کر ہمارے اس علاقہ Saint Prix میں آئے تو ہم نے آپ کو خوش آمدید نہیں کیا تھا۔ وقت کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ محسوس ہوا کہ آپ پُرامن جماعت ہیں۔ آپ نے ہمارے دل جیت لئے ہیں۔ اس لئے اس خوشی کے موقعہ پر آج ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ ہم بھی آج خوش ہیں۔

موصوف نے کہا گزشتہ 22 سال سے میں اس جماعت کو جانتا ہوں اور 22 سال کا عرصہ کافی ہے کسی کو جاننے کے لئے آج میں خود برملا اس بات کا اظہار کرتا ہوں کہ آپ کے محبت اور امن کے پیغام نے ہمارے دل جیت لئے ہیں۔

میئر نے کہا کہ پہلے آپ جب نئے نئے آئے تھے تو ہمارے دل میں ایک خوف تھا کہ کس طرح کے احمدی ہوں گے۔ کیا میں آپ لوگوں کو خوش آمدید کہہ سکتا ہوں۔ میرے دل میں ایک خوف تھا۔ آپ کو جاننے، آپ کے پروگراموں میں شامل ہونے اور آپ کی تقاریر، باتیں سننے کے بعد میں کہہ سکتا ہوں کہ آپ ملکی قوانین کا احترام کرتے ہیں اور ہمارے قانون کی پابندی کرتے ہیں۔ آپ نے بین المذاہب کانفرنس کا انعقاد کیا تھا۔ میں اس میں شامل ہوا تھا۔ میں کہہ سکتا ہوں کہ آپ کی جماعت حکومت کے قوانین اور اصولوں کی زیادہ پاسداری اور احترام کرتی ہے۔

جب مجھے جماعت کا ایک وفد ملنے کے لئے آیا کہ ہم ایک بیت بنانا چاہتے ہیں تو ہم نے سوچا کہ کس طرح کی بیت بنائیں گے۔ کہیں اس سے مسائل نہ پیدا ہوں تو ہم نے راہنمائی کی کہ آپ اس طرح کی بلڈنگ بنائیں جو دوسروں کو پرابلم نہ دے اور اس طرح آپ اس علاقہ میں اپنی بیت تعمیر کریں۔

میئر نے اپنا ایڈریس جاری رکھتے ہوئے کہا کہ آپ نہ صرف لوگوں کو دینی تعلیم دیتے ہیں بلکہ اس تعلیم کے ساتھ ساتھ آپ انسانیت کی خدمت بھی کرتے

ہیں۔ ہمارے ساتھ مل کر آپ نے بہت سے پراجیکٹ میں حصہ لیا ہے جس سے دوسروں کی مدد ہوئی ہے۔ آپ فساد کرنے والوں کو ناپسند کرتے ہیں اور دہشت گردی کے خلاف ہیں۔

میئر نے کہا میں اپنے آپ کو بڑا آدمی نہیں سمجھتا۔ آپ لوگوں کے ساتھ مل کر مجھے کام کرنے میں خوشی ہوتی ہے۔ میں آپ کو ایک بار پھر خوش آمدید کہتا ہوں۔ ہم نے آپس میں مل کر کام کرنا ہے۔

خطاب حضور انور

میئر کے اس ایڈریس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا۔

تشہد، تعوذ کے بعد حضور انور نے فرمایا۔ سب سے پہلے تو میں جناب عزت مآب میئر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ ہی ان کی عاملہ جو کیبنٹ ان کی ہے اور سب معزز مہمان جو یہاں تشریف لائے ہوئے ہیں۔ اس فنکشن کو اٹینڈ کرنے کے لئے۔

میئر صاحب کا شکریہ میں اس لئے بھی خاص طور پر ادا کرنا چاہتا ہوں کہ جیسا کہ انہوں نے خود بھی بیان کیا کہ ایک وقت تھا وہ ہمیں دہشت گرد اور انتہا پسند سمجھتے تھے۔ لیکن آہستہ آہستہ وہ غلط فہمی ان کی دور ہوئی اور وہی غلط فہمیاں جو تھیں وہ دوستی میں بدلنی شروع ہو گئیں۔ آج میں اس بات پر فخر کرتا ہوں اللہ تعالیٰ نے ہمیں ان جیسے معزز اور ہمدردی رکھنے والے اور دوستی کا حق نبھانے والے دوست عطا کئے ہیں۔

حقیقت میں دین حق کی تعلیم پیار کی تعلیم ہے، محبت کی تعلیم ہے اور یہ آج کی بات نہیں یہ قرآن کریم ہے ابھی تلاوت اس کی ہوئی آپ اس کو اٹھا کے دیکھ لیں ہر جگہ آپ کو یہی نظر آئے گا کہ خدا تعالیٰ، ایک خدا کی عبادت کرو اور لوگوں کے بھی حقوق ادا کرو اور ظلم کا خاتمہ کرو اور باتوں کے علاوہ، یہ ایک ایسی کتاب ہے جس میں ہر قسم کی تاریخ کے واقعات بھی ہیں، سائنس کی باتیں بھی ہیں، آئندہ کے حقائق بھی ہیں، حکومت چلانے کے ذریعے بھی ہیں، امن قائم کرنے کے ذریعے بھی ہیں تو ہم اسی کی صحیح تفسیر اور تشریح سمجھتے ہوئے اس پر عمل کرتے ہیں جو احمدی کہلاتے ہیں اور اسی وجہ سے ہم میں اور دوسروں میں آپ کو فرق نظر آتا ہے۔

ہمارے اپنے ذاتی مقاصد یا مفادات نہیں ہیں۔ ہم جو کچھ کرتے ہیں اس سوچ کے ساتھ کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے۔ خدا تعالیٰ نے ہمیں یہ کہا ہے کہ ایک تو میری عبادت کرو اور میری مخلوق کے حق ادا کرو اسی تعلیم کو اس زمانے میں بانی جماعت احمدیہ حضرت مسیح موعود جن کو ہم مانتے ہیں۔ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی جن کے آنے کی پیشگوئی دین حق میں بھی ہے اور باقی مذاہب میں بھی میں نے بیان کی ہے اور بتایا کہ یہ حقیقی تعلیم ہے۔ جس کو تم اپناؤ گے تو حقیقی مومن کہلاؤ گے۔ دین حق ہمیں یہ تعلیم دیتا ہے کہ حب الوطن من الایمان کہ وطن کی محبت ایمان کا حصہ ہے اور یہ وہ حکم نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ صرف سعودی عرب کے رہنے والے اپنے وطن سے محبت کریں، الجزائر کے رہنے والے اپنے وطن سے محبت کریں یا سینیگال کے رہنے والے اپنے وطن سے محبت کریں یا فرانس کے رہنے والے صرف اپنے وطن سے محبت کریں۔ یا یہ لوگ قوموں کے رہنے والے اگر کسی دوسرے ملک میں جائیں تو صرف اپنے وطن سے محبت کریں اور جس ملک میں رہتے ہوں اس سے محبت نہ کریں۔ اس حکم کا مطلب یہ ہے کہ جو مومن جس ملک میں رہ رہا ہے، جس ملک کا وہ شہری ہے، قطع نظر اس کے کہ اس کی Origin کیا ہے، پاکستانی ہے یا افریقن ہے یا انڈونیشین ہے یا گیمبیئن ہے یا سینیگالین یا مراکن ہے یا الجیرین ہے۔ اگر وہ فرانس میں آکر آباد ہوا ہے تو وہ فرانس کا شہری ہے جبکہ اس نے یہاں کے شہری حقوق بھی حاصل کر لئے وہ یہاں حکومت سے مالی فائدہ بھی اٹھا رہا ہے وہ یہاں کام بھی کر رہا ہے۔ اب اس کا وطن یہ ہے جہاں وہ رہتا ہے۔

یہ وہ تعلیم ہے جو ہم ہر احمدی کو دیتے ہیں کہ اب تمہارا وطن وہ ہے جہاں سے تمہیں مفاد حاصل ہو رہا ہے اور اس کی محبت تم پر فرض ہے۔ اب یہ بتائیں کہ جس سے محبت ہو اسے کبھی کوئی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اس لئے یہ تو تصور ہی غلط ہے کہ ایک احمدی جو اپنے آپ کو مومن سمجھتا ہو ایک احمدی جس نے اس زمانے کے امام کی بیعت کی ہو اس کو ملنا ہو اس بات پر قائم ہو کر جو ان کا حکم ہے اس پر میں نے عمل کرنا ہے۔

ایک تو یہ غلط فہمی اگر کسی کے ذہن میں ہو تو وہ دور ہو جانی چاہئے کہ کوئی احمدی فرانس میں رہنے والا، کوئی احمدی جرمنی میں رہنے والا، یا کوئی احمدی انگلستان میں رہنے والا یا کسی بھی ملک میں رہنے والا وہ جس ملک سے مرضی تعلق رکھنے والا ہو جب وہ نئے ملک کا شہری بن گیا اس نے نئے ملک کی شہریت اختیار کر لی۔ تو وہ اس کا وطن ہے اور اس سے محبت کرنا اس کا فرض ہے۔ اس لئے یہی مزاج آپ کو جماعت کے ہر فرد میں ہر جگہ نظر آئے گا۔ تو پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ اس ملک کے شہریوں کا کہ وہ فرانس سے محبت کریں اور اس کی بہتری کے لئے کام کریں اور اس کے لئے ہر قربانی دینے کے لئے تیار ہو جائیں۔ جب یہ سوچ ہو تو سوال ہی پیدا نہیں ہوگا کہ وہاں نفرتیں جڑ پکڑیں یا نفرتیں پنپیں۔ ایسی سوچ کے ساتھ تو نفرتوں کا خاتمہ ہوتا ہے اور محبتیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس لئے ہمارا یہ نعرہ ہے۔ ہر ملک کے رہنے والے کا بھی اور دنیا میں رہنے والے ہر احمدی کا بھی کہ محبت سب کے لئے اور نفرت کسی سے نہیں۔

جیسا کہ میں نے کہا یہ جماعت احمدیہ کا ایک مزاج ہے جو ہر جگہ آپ کو ایک نظر آئے گا کہ انہوں نے امن پسند رہنا ہے، ایک خدا کی عبادت کرنی ہے۔ دین حق کی صحیح تعلیم پر عمل کرنا ہے اور انسانیت کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو ہر وقت تیار رکھنا ہے۔ یہ ہے ایک مزاج جو ہر احمدی میں آپ کو ہر جگہ نظر آئے گا۔ چاہے وہ یورپ میں رہنے والا احمدی ہے یا ایشیا میں رہنے والا احمدی ہے یا افریقہ میں رہنے والا احمدی ہے یا امریکہ کے ممالک میں رہنے والا احمدی ہے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ دنیا کے 190 ملکوں میں پھیلی ہوئی ہے اور ایک اندازے کے مطابق 170 ملین احمدی دنیا میں موجود ہے۔ جو صرف امن، محبت اور پیار کا پرچار کرنے والا ہے۔

دین حق پہ ایک الزام یہ لگایا جاتا ہے کہ یہ جبر کرنے کا حکم دیتا ہے یہ سراسر غلط الزام ہے۔ یہ قرآن ہے اس میں بڑا واضح طور پر لکھا ہوا ہے کہ دین کے معاملے میں کوئی جبر نہیں کوئی Compultion نہیں دین کے معاملے میں اور مذہب جو ہے ہر ایک کا اپنا ذاتی خدا تعالیٰ کے ساتھ معاملہ ہے ہاں جس چیز کو آپ اچھا سمجھتے ہیں اس کی تشہیر کریں۔ اس پیغام پہنچانے کے ساتھ کسی کو طاقت کے زور پر نہیں کہا جاتا کہ تم ضرور احمدی ہو جاؤ بلکہ تعلیم دی جاتی ہے آگے ہر ایک کا اپنا کام ہے اسے تسلیم کرے یا نہ کرے۔

یہ الزام اس لئے لگایا جاتا ہے کہ دین حق کی شروع کی تاریخ میں ہمیں جنگیں نظر آتی ہیں۔ لیکن اگر آپ تاریخ اسلام دیکھیں خود واضح ہو جائے گا کہ اسلام کی جب ابتداء ہوئی، جب حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے اپنا دعویٰ کیا تو مکہ میں رہنے والے لوگوں نے آپ کی مخالفت کی اور اس حد تک مخالفت کی کہ آپ کو ماننے والے جو غریب لوگ تھے۔ ان پر اس انتہا کے ظلم کئے کہ ان میں اکثر غرباء تھے جنہوں نے مانا یا بہت غریب آنحضرت ﷺ کے رشتہ دار تھے جو آپؐ پر ایمان لائے تو کفار مکہ نے جو سردار مکہ بھی تھے ان میں سے بہت سارے اتنے ظلم کئے کہ ان غریب لوگوں کو عرب کی دوپہر میں گرم اور تپتی ریت پر لٹا کے گرم پتھر رکھ دیئے جاتے تھے اور پھر ان کو کہا جاتا تھا کہ کہو اللہ ایک نہیں ہے اور ہم محمدؐ پر ایمان نہیں لائے۔ بعض عورتوں اور مردوں کو دو اونٹوں کے ساتھ ان کی ٹانگیں باندھ کے اور ان اونٹوں کو مخالف سمت میں دوڑایا جاتا تھا۔ انسان کا جسم بیچ میں سے چر جاتا تھا۔ پھر آنحضرت ﷺ پر خود بڑے ظلم ہوئے۔ کئی مواقع پر آپؐ عبادت کر رہے ہوتے تھے تو آپؐ کے ساتھ زیادتی کی جاتی تھی۔ اونٹ کی اوجڑی، آپ سجدے میں ہوں تو کمر پر رکھ دی جاتی تھی۔ پھر اڑھائی سال تک مسلسل آپ کو ایک ایسی وادی میں قید کر دیا گیا جہاں نہ پانی تھا نہ خوراک اور آپ کے ساتھیوں کو بھی وہاں بھوک اور پیاس ستاتی رہی۔ پیاس سے ان کی زبانیں باہر آ جاتی تھیں۔ بھوک سے ان کا اتنا برا حال ہوتا تھا کہ ایک صحابی کہتے ہیں کہ ایک رات میں نے اپنے جوتے کے نیچے کوئی نرم چیز دیکھی تو میں نے اٹھا کے وہ کھا لی مجھے نہیں پتہ وہ کیا چیز تھی۔ پتہ اور اس قسم کی چیزیں تو وہ کھاتے تھے یہ ظلم کی حد تھی۔

اس ظلم کے بعد جب یہ ہجرت کر کے مدینہ چلے گئے تو وہاں ان ظالموں نے پیچھا کیا اور آپؐ پر جنگ ٹھونسی گئی اور اسلام میں اس وقت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں حکم دیا ظلم اس حد تک ہو چکا ہے کہ اس جنگ کا جواب دینا ضروری ہے۔ جو حملہ کیا جا رہا ہے اس کا جواب دینا ضروری ہے۔ اس پہلی جنگ میں جو جنگ بدر کے نام سے ہے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا قرآن کریم میں ہے کہ اب ایسی حالت ہے کہ اگر ان کا جواب نہ دیا گیا تو یہ ظلم اس حد تک بڑھ جائے گا کہ نہ کوئی راہب خانہ باقی رہ جائے گا، نہ کوئی گرجا باقی رہے گا، نہ کوئی یہودیوں کا معبد باقی رہے گا، نہ کوئی مسجد باقی رہے گی۔ اس لئے اب ان کا، ظلم کا جواب دینا ضروری ہے۔ گویا کہ اس جنگ کی وجہ یہ بتائی گئی، اس حملے کے جواب دینے کی وجہ یہ بتائی گئی کہ اب ظلم کا ہاتھ روکنا ضروری ہے۔ مکہ میں رہتے ہوئے تیرہ سال بہت ظلم سہہ لئے۔ اب اگر اس ظلم کا جواب نہ دیا تو یہ ظالم بڑھتے چلے جائیں گے۔ یہ صرف اسلام کو نقصان نہیں پہنچائیں گے۔ یہ یہودیوں کو بھی نقصان پہنچائیں گے یہ عیسائیوں کو بھی نقصان پہنچائیں گے، دوسرے مذہب والوں کو بھی نقصان پہنچائیں گے گویا کہ اسلام نے یہ اعلان کیا یہ بتایا کہ تم آج اگر کسی ظلم کا جواب دے رہے ہو تو اس سوچ کے ساتھ نہیں دے رہے کہ ہم نے اسلام کو بچانا ہے بلکہ عیسائیت کا بھی تحفظ کرنا ہے۔ یہودیت کا بھی تحفظ کرنا ہے۔ دوسرے مذاہب کا بھی تحفظ کرنا ہے اور آج ہم احمدی اس تعلیم پر عمل کرتے ہوئے یہ اعلان کرتے ہیں کہ اگر اس دنیا میں کسی موقع پر کسی احمدی کو کسی ملک میں رہنے والے احمدی کو یہ کہہ کر دوسرے مذہب والے بلائیں کہ ہمارے گرجے کی حفاظت کے لئے آؤ، ہمارے چرچ کی حفاظت کے لئے آؤ تو احمدی ضرور وہاں جائے گا۔ کسی یہودی معبد کی حفاظت کے لئے بلائیں تو احمدی وہاں جائے گا یا کوئی بھی مذہب والا اپنی حفاظت کے لئے ہمیں وہاں بلائے تو ہم وہاں جائیں گے۔ صرف دین حق کی حفاظت کرنا ہمارا فرض نہیں بلکہ ہر مذہب کے ماننے والے کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے بلکہ کل انسانیت کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔ پس یہ تعلیم ہے، یہ سوچ ہے حقیقی دین کی جس پر ہم عمل کرتے ہیں۔

اور پھر جب یہ جنگ ہوئی تو تاریخ گواہ ہے کہ باوجود اس کے کہ جو دشمن فوج تھی وہ تین گنا سے زیادہ بڑی تھی مسلمانوں سے اور بڑی ہر لحاظ سے مسلح تھی۔ پورے سازوسامان کے ساتھ تھی اور اس کے مقابلے پہ مسلمان جو تھے ان کے پاس کچھ بھی نہیں تھا، 1/3 کل فوج کا حصہ تھا ان کی اور اس میں بھی چھوٹے بچے اور چند نوجوان شامل تھے۔ تجربہ کار جنگجو بہت کم تھے۔ اس زمانے میں جنگ تلوار کی تھی اور ان کے پاس بھی تلواریں نہیں تھیں۔ لکڑی کی چند تلواریں تھیں اور لوہے کی تو تین چار تلواریں تھیں۔ ایک ہزار دوسری فوج کے مقابلہ میں لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے مدد کی اور مسلمان وہ جنگ جیت گئے۔ ......اس زمانے میں تو بہت رواج تھا بڑا ظلم کیا جاتا تھا۔ بھوکا بھی مارا جاتا تھا۔ لیکن مسلمانوں نے جب قیدی بنائے تو اس بات کے باوجود کہ وہاں مکہ سے ہجرت کرنے کا زخم تازہ تازہ

تھا۔ پھر وہ ظلم جو مکہ والوں نے مسلمانوں پر کئے وہ بھی ابھی نئے اور تازہ تھے لیکن جب وہ قیدی بنائے تو مسلمانوں نے ان سے بدلہ نہیں لیا۔ بلکہ ان کو بڑے آرام سے رکھا اور بعض قیدیوں نے خود اعتراف کیا کہ مسلمان چونکہ غریب تھے اس زمانے میں، پورے وسائل نہیں تھے خود بھوکے رہتے تھے اور ہمیں کھانا کھلاتے تھے۔ یہاں تک کہ آنحضرت ﷺ نے بعض ایسے قیدیوں کو جن کو لکھنا پڑھنا آتا تھا یہ کہا کہ اگر تم جو تمہیں تعلیم تھوڑی بہت آتی ہے ہمارے بچوں کو سکھا دو تو ہم تمہیں آزاد کر دیں گے۔ اس سے دیکھیں دو باتیں پتہ لگتی ہیں۔ جو دو اہم باتیں ہیں اور باتوں کے علاوہ، ایک تو یہ کہ آپ نہیں چاہتے تھے اس کے باوجود کہ دشمن کی دشمنی بڑھتی چلی جائے گی اور وہ دوبارہ حملہ کرے گا، اس کے باوجود آپؐ نے نہیں چاہا کہ ان قیدیوں کو لمبے عرصہ کے لئے رکھیں اور پھر بڑے معمولی تاوان پر ان کو چھوڑ دیا، تاوان بھی کیا تھا صرف تعلیم دینا، دوسرے اس زمانے میں بھی تعلیم کی اہمیت آپؐ کے پیش نظر تھی کہ ہمارے بچے کچھ پڑھ لکھ جائیں تو یہ زیادہ بہت بڑا سرمایہ ہے ہمارے لئے بہ نسبت اس کے کہ ہم ان قیدیوں کو اپنے پاس رکھ کر غلام بنائیں۔ حالانکہ اس زمانے میں غلام بہت بڑا سرمایہ سمجھے جاتے تھے تو یہ تھی تعلیم کی اہمیت آپؐ کی نظر میں۔

تو ان سب چیزوں سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ مختصر بیان کر رہا ہوں میں، وقت نہیں۔ دین میں نہ تشدد ہے نہ جبر ہے نہ قیدیوں کو یہ کہا گیا کہ تم مومن ہو جاؤ نہ ان قیدیوں کو غلام بنا کے رکھا گیا اور پھر حملہ بھی ان کی طرف سے ہی تھا اور اس کے علاوہ بھی دشمن سے حسن سلوک کی بے تحاشا مثالیں ہمیں تاریخ میں ملتی ہیں۔ بعض مواقع ایسے آئے تھے ایک وقت میں مثلاً اسلام کے جو دوسرے خلیفہ تھے حضرت عمرؓ ان کے زمانے میں اسلامی فوجوں نے ایک عیسائی علاقے پر قبضہ کیا لیکن ان کو مسلمان نہیں بنایا بلکہ ان کے شہری حقوق قائم رکھے۔ اس حد تک قائم رکھے کہ جب دوبارہ عیسائی حکومت نے حملہ کر کے وہ علاقہ واپس لیا تو جو ٹیکس ان کی بہتری کے لئے مسلمانوں نے ان سے وصول کیا تھا۔ وہ ان کو واپس کر دیا کہ کیونکہ اب ہم تمہاری حفاظت نہیں کر سکتے اور وہ حقوق تمہیں نہیں دے سکتے جس کے لئے ہم نے ٹیکس لیا ہے۔ اس لئے تمہیں ٹیکس واپس کر رہے ہیں تو یہ معیار ایمانداری اور محبت قائم کرنے کا تھا اور اس کا نتیجہ یہ تھا کہ وہ عیسائی جو مسلمان نہیں تھے اور عیسائی حکومت دوبارہ آ رہی تھی۔ مسلمانوں کو انہوں نے روتے ہوئے الوداع کہا کہ تمہارے جیسے انصاف پسند اور ہمارا حق دلانے والے ہمیں نہیں مل سکتے تو یہ سلوک تھا۔ پھر مسجد کی بات ہو رہی ہے۔ مسجد کا بھی بتا دوں کہ ایک دفعہ ایک عیسائی وفد آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور باتیں کرتے یا بحث کرتے شام ہو گئی۔ اس وقت بہرحال ان کی عبادت کا دن تھا۔ ان میں تھوڑی سی بے چینی ہو گئی۔ آنحضرت ﷺ سے پوچھا کہ کیا وجہ ہے تو انہوں نے بتایا ہماری عبادت کا وقت ہو رہا ہے تو آپؐ نے اپنی مسجد، مسجد نبوی میں بیٹھے ہوئے تھے تو آپؐ نے کہا۔ یہاں اپنی عبادت کر لو جس طرح تم کرنا چاہتے ہو اپنے طریقے سے تو مسجدیں تو آنحضرت ﷺ نے اس وقت عیسائیوں کو بھی دیں تو یہ الزام بھی غلط ہے کہ مسجدوں میں کسی کو جانے نہیں دیتے اور اندر پتہ نہیں کیا کچھ ہو رہا ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہے کہ بیت عبادت کے لئے ہے اس کے علاوہ وہاں کوئی اور کام کرنے کی اجازت نہیں۔ لیکن اگر کسی میں دہشت گردی ہوتی ہے تو وہ ان کرنے والوں کا فعل ہے اس میں دین حق کا قصور نہیں دین کی تعلیم نہیں۔ پس یہ جو میں باتیں بتا رہا ہوں یہ آج کے موقع کے لحاظ سے نہیں بتا رہا کہ اس ملک میں رہتے ہوئے یا مغرب کی ہمدردیاں حاصل کرنے کے لئے میں یہ باتیں کر رہا ہوں۔ یہ تعلیم قرآن کریم میں موجود ہے۔ آج سے ایک سو بیس سال پہلے کھول کر ہمیں بانی جماعت احمدیہ نے بتائی۔

پس میں جو بھی بتا رہا ہوں دین کے بارہ میں۔ یہ آج کی موجودہ وقتی باتیں نہیں ہیں، وقت کے لحاظ سے باتیں نہیں ہیں یا آپ کی ہمدردیاں لینے کے لئے باتیں نہیں ہیں۔

ہم جس جگہ بھی جاتے ہیں اس تعلیم کی وجہ سے جو ہمیں دی گئی ہے جہاں بھی دوسروں کے لئے سہولت ہم مہیا کر سکیں ہم کرتے ہیں۔ آپ یہاں مثلاً یہ دیکھ لیں یہی سامنے ایک جگہ ہے سڑک کے ساتھ، ہمارا اپنا جو پلاٹ تھا وہ سامنے سڑک کے شروع تک تھا۔ لیکن جب میئر صاحب نے یہ درخواست کی کہ ہم نے یہ جگہ لینی ہے آپ ہمیں کچھ قیمت لے کر یہ جگہ دے دیں تا کہ ٹریفک کی اور پارکنگ کی سہولت ہو جائے تو کیونکہ ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ پیسے کمائے جائیں باوجود اس کے کہ اس زمین کی قیمت ہوگی کچھ نہ کچھ، یہ جگہ صرف عوام کی سہولت کے لئے سڑک کے ساتھ اتنا حصہ بغیر کسی قیمت کے دے دیا کہ اس علاقے کے لوگوں کو سہولت رہے اور کسی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

آج یہ بڑا شور مچتا ہے کہ دنیا میں اقتصادی بدحالی ہے۔ یہ بھی اس لئے ہے کہ غلط نظام میں دنیا پڑ گئی ہے۔ ہر ایک کو یہ فکر ہے کہ اپنے جو ذرائع ہیں یا اپنے جو بینک ہیں وہ بھرے جائیں، اپنے خزانے جو ہیں وہ بھرے جائیں اور دنیا کے خزانے خالی ہو جائیں۔

